PR NO 29/2025

وفاقی محتسب سیکرٹیریٹ، اسلام آباد

Press Release

وفاقی محتسب کی ٹیم 26 جون کو فتح جنگ میں کھلی کچہری لگائے گی

وفاقی سرکاری اداروں کے خلاف شکایات کا موقع پر ہی ازالہ کریں گے

اسلام آباد( ) وفاقی محتسب اعجاز احمد قریشی کی ہدایت پر وفاقی محتسب کے ایڈوائزر میجر جنرل (ر) ہارون سکندر پاشا کی سربراہی میں وفاقی محتسب کی ٹیم 26 جون بروز (جمعرات) کو ایم سی ہال تحصیل آفس فتح جنگ ضلع اٹک میں دن دس بجے کھلی کچہری لگائے گی جس میں وفاقی اداروں کے مقامی افسران بھی موجود ہوں گے۔ وفاقی محتسب کے افسران، وفاقی اداروں کے خلاف شکایات سن کران کے ازالے کے لیئے متعلقہ اداروں کو موقع پر ہی ہدایات دیں گے۔ واضح رہے کہ یہ کھلی کچہری عوام کو وفاقی محتسب کی طرف سے ان کے گھر کی دہلیز پر انصاف کی فراہمی کے پروگرام Outreach Complaint Resolution(OCR) کا حصہ ہے۔ وفاقی محتسب نے بجلی، گیس، نادرا، بے نظیر انکم سپورٹس پروگرام، پاسپورٹ آفس، پوسٹل لائف انشورنس، اسٹیٹ لائف انشورنس کارپوریشن اور پاکستان پوسٹ آفس سمیت وفاقی اداروں کے متعلقہ حکام کو کھلی کچہری میں شریک ہونے کی ہدایت کی ہے۔ عوام الناس کھلی کچہری میں وفاقی اداروں کے خلاف شکایات پیش کر سکتے ہیں۔

18/06/2025

(خالد سیال)

کنسلٹنٹ (میڈیا)

03335333266

18 جون 2025ء